مولانا عبد القیوم حقانی





المسامرہ شرح المسایرہ مع شرح الثانی (عربی) تصنیف :۔ کمال بن ابی شریف، علامہ کمال الدین بن ہمام، علامہ قاسم بن قطلوبغا حنفی صفحات ۷۶۴۔ قیمت ۶۰ روپے۔ پتہ :۔ دارالمعارف الاسلامیہ آسیا آباد۔ مکران۔ (بلوچستان)

مسایرہ فی العقائد المنجیہ فی الآخرۃ۔ علامہ کمال الدین بن الہمام (متوفی ۸۶۱ھ) کی تصنیف ہے۔ علامہ ابن الہمام فقہ حنفی کے نہایت ہی نامور محقق اور متبحر علامہ ہیں۔ تفسیر، حدیث، فقہ، کلام منطق اور جدل ومناظرے میں یکتائے روزگار تھے۔ فتح القدیر مرحوم کی عظمت اور جلالت علم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔" المسایرہ" موصوف کی عقائد میں مشہور تالیف ہے۔ صاحب کشف الظنون نے اس کے پس منظر میں لکھا ہے کہ اولاً موصوف نے امام غزالی کے رسالہ " القدسیہ" کی تلخیص لکھنے کا ارادہ کیا تھا اور جب کام شروع کیا تو" المسایرہ" کے نام سے مستقل تصنیف تحریر فرمائی۔ جس میں مقدمہ کے بعد ارکان اربعہ بیان فرمائے۔ رکن اول میں ذات باری تعالیٰ۔ رکن ثانی میں اللہ تعالیٰ کے صفات، رکن ثالث میں افعال اور رکن رابع میں صدق الرسولؐ اور ہر رکن کے تحت دس دس اصول تحریر فرمائے ہیں۔ اور خاتمہ میں ایمان و اسلام کے مباحث آگئے ہیں۔

کتاب کی اہمیت، ضرورت کے پیش نظر اولاً علامہ کمال بن ابو شریف (متوفی ۹۰۵ھ) نے اس کی عربی شرح "المسامرہ شرح المسایرہ" کے نام سے تحریر فرمائی۔ اس کے بعد شیخ قاسم بن قطلو نما نے اس کی مزید توضیح و تشریح کی۔ زیر تبصرہ کتاب اصل متن اور دونوں شروحات کا مجموعہ ہے۔ مولانا احتشام الحق آسیا آبادی کے ضبط و تصحیح اور محنت و لگن سے یہ اہم علمی سوغات بھی عمدہ طباعت کے ساتھ منظر عام پر آگئی ہے۔ اہل علم اور تحقیقی و دینی حلقے اس کی قدر کریں گے۔

الاجماع تصنیف :۔ امام ابوبکر ابن المنذرؒ۔ صفحات ۱۹۶۔ قیمت ۴۸ روپے۔

پتہ :۔ دائرۃ المعارف الاسلامیہ۔ آسیا آباد۔ مکران۔ بلوچستان

امام ابوبکر محمد بن ابراہیم النیسابوری الشافعیؒ المتوفی ۳۱۸ھ۔ حدیث، فقہ، تفسیر اور قرأت کے امام ہیں۔ فقیہہ مکہ اور شیخ الحرم کے لقب سے موصوف تھے۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ ابن المنذر کی امامت فن اور جلالت